ہماری جملہ مطبوعات پاکستان میں نورانی بک سٹال
نزد نگار سینما لارنس روڈ کراچی سے خرید کریں

آکاش پکچرز کا پیش کردہ نرالا ڈرامہ

انجمن

اداکاران
نرگس۔ نام۔ بارو
جیون۔ ڈراہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمل پرنٹنگ پریس دہلی)

گا ڈنگارے کے نئے کورس

نمبر ۱

ٹننگ ٹنا ٹنو ٹنو بم بم۔ ناچو گائیں
راج دُلاری بٹیا رانی تو ہے میری عمر لگ جائے
جیو جیو جیو

میری سُونی دُنیا میں تو چندا بن کر آئی
نین سے جیوتی اس کے موتی۔ دن کی ٹھنڈک لائی
رام کرے رکھوالی ادسکھی تجھ پہ آنچ نہ آئے
راج دُلاری ۔۔۔۔

نین سے نکلے کھل کے جیکے تیری جیون گھڑی آئی
تجھ کو پا کر میں نے سارے جگ کی دولت پائی
رام کرے ۔۔۔۔۔ راج دلاری ۔۔۔

آنکھ مچولی کھیل رہے ہیں نچے پیارے پیارے
آج گلے سے لگ جا بٹیا میں منا تجھے پکارے
رام کرے ۔۔۔۔ راج دُلاری ۔۔۔

نمبر ۲

دیری کے نینوں میں نندیا بھری آ جاری اپنوں کی نیلم بیری
بیری دیرے نینوں کی پگڑی۔ ابھی جا کیوں دیر اتنی کری
اد نیلم بیری اُڑ کے جا ونگی میں تو نہ آونگی میں
خاموش نیسے میں ہے بہتری۔ آتی ہوں آئی ہوں دم لو ذرا
تو مجبور ہے اور میں مجبور ہوں۔ ام الفت کے ہاتھوں سے مجبور ہوں

غصہ نہ کر او میری بے سُری۔ آبھی جا کیوں دیر اتنی کر دی
آئی ہوں آئی ہوں ...

نمبر ۳

راکا:- تیرے ساتھ ہنس رہے ہیں یہ زمین یہ چاند تارے
سمی:- یہ زمین یہ چاند تارے تیری اک نظر پہ وارے
راکا:- میرے لب پہ آتے آتے کوئی بات رہ گئی ہے
سمی:- میں چلی ہوں میری دُنیا تیرے ساتھ رہ گئی ہے
میں بسی ہوں تیرے دِل میں مجھے کس لئے پکارے
تیرے ساتھ ...
راکا:- میری زندگی بھی تُو ہے میری آرزو بھی تُو ہے
سمی:- میں تو پھول ہوں کہ جس میں تیرا رنگ تیری بُو ہے
میری زندگی ہے زندہ تیری یاد کے سہارے
تیرے ساتھ ...

نمبر ۴

پیار بھری دھڑکنوں کے ہار لے کے آؤں گی
تیرے لئے آج رات کو
کتنا دِل بیقرار ہے بار نہ ہو اختیار سے
چین لے کے آؤں گی قرار لے کے آؤں گی
تیرے لئے آج رات کو
سکھ کی بانہوں میں جیون میں راہوں میں آہوں کی دُنیا بھُول کے
رنگ لیکے آؤں گی نکھار لیکے آؤں گی تیرے لئے

آپکے نیز آنکھ انتظار کی ٹوٹے نہ یہ دِل کے تار کی
زندگی کی سولہ سنگار پیکے آ ڈیجی
تیرے لیئے آج رات کو

نمبر ۵
ڈوب گئے آکاش کے تارے جاگے نہ تو آئے
تکتے تکتے نیناں ہارے جاگے نہ تو آئے
ڈوب گئی باغوں کی بہاریں پھیل گئے پت جھڑ کے سائے
لیکن تمکو اپنے وعدے بھول سے بھی یاد نہ آئے
ڈوب گئے .....
بہتے بہتے چاند کی کشتی دور گگن میں سونے لگی
اس کی اِک ننھی سی کرن تھی۔ وہ بھی اوجھل ہونے لگی
ڈوب گئی ....

نمبر ۶
ٹنوم ٹنو ما ٹِننگ ٹننگ
پیار سے بلائیں تو ہے کب سے جگائیں تو ہے
پلک جھپک گوری چپ چپ کیوں ہے
بول زبان سے چپ چپ کیوں ہے
رات مرادوں والی لوٹ نہ جائے خالی
پلک جھپک گوری ....
اپنا بنا لے پی کو من میں بسا لے پی کو
پلک جھپک گوری .....

نمبر ۷

جانے والے میرے آنسو میری آہیں لے جا
ساتھ اپنے میری بیتاب نگاہیں لے جا
اُس بستی کو جانے والے لیتا جا پیغام میرا
دِل کے مالک سے کہہ دینا پھر اسلام میرا
اُس بستی کو.......

ایک طرف دُنیا کے صدمے ایک طرف غم دُوری کے
کون سُنے کس کو سمجھاؤں دُکھ اپنی مجبوری کے
ممکن ہو تو لے جا اپنے ساتھ دِلِ ناکام میرا
اُس بستی کو.....

میری خطائیں اپنی وفائیں۔ اب نہ کبھی وہ یاد کرے
کہہ دینا میری خاطر اب عمر نہ وہ برباد کرے
چھوڑ کے میرے حال پہ مجھ کو دِل سے بھلا دے نام میرا
اُس بستی کو.....

نمبر ۸

رات کی رانی آئی۔ پیار کی دولت لائی
او دِل والو لے لو
لائی ہوں بہار سندیسا۔ جھومتی میں مسکاتی
رات کی رانی آئی
نینوں سے نین ملا کے خوشیوں سے جھولی بھر لو
رات کی رانی آئی..... او لے لو.....

نمبر ۹

میرے کھیون ہار کیوں موہے چھوڑ چلے منجدھار

میرے کھیون ہار

اُمید کی جھولی میں بھلا کیوں بھر دیئے انگارے

بھلا کیوں بھر دیئے انگارے

مُنہ موڑ کے دُنیا سے ٹھکرا کے زمانے کو

آ گئے تمہی محبت کی تقدیر بنانے کو

اُمید کی ....

مجبور تھے پہلے ہی ناشاد تھے پہلے ہی

تیری ہی قسم ہم تو برباد تھے پہلے ہی

اُمید کی ....

مر مر کے جئے اب تک ہم تیرے سہارے پر

معلوم نہ تھا کشتی ڈوبے گی کنارے پر .... اُمید کی ....

نمبر ۱۰

انہیں خوش کر دے مجھے دِل کی دُعا سے اور کیا مانگوں

میں حیراں ہوں کہ آج اپنی وفا سے اور کیا مانگوں

گرے ہم خاک میں آنکھوں میں آنسو بہ آئیں ہیں

یہ نادانی ہے دُنیا کی ہوا سے اور کیا مانگوں

میری بربادیوں کی داستاں اُن تک پہنچ جائے

سوا اسکے محبت کے خُدا سے اور کیا مانگوں

ختم شُد